Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۶ محرم الحرام سنہ ۱۳۵۴ھ مطابق ۲۰ اپریل سنہ ۱۹۳۵ع جلد ۲۷

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم

(۱)	تفویض صیغہ آبکاری بجناب انسپکٹر جنرل صاحب بہادر پولیس	۲

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکامِ اجلاسِ اعلیحضرت ہمایوں بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

روبکار:- مورخہ ۱۷ اپریل ۱۹۳۵ء

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم)

یکم مئی ۱۹۳۵ء سے تخفیف عہدہ "مہتمم نشر" اور تقسیم صیغہ جات کے متعلق ۱۱ اپریل کو روبکار جاری ہو چکا ہے۔ صیغہ آبکاری بمنشائے روبکار مذکور یکم مئی سے جناب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کے متعلق ہوگا۔ مگر چونکہ کاغذات آبکاری کا سال تمام ہونے والا ہے۔ اس لئے بنظر مصالح انتظامی تاریخ امروزہ سے محکمۂ آبکاری جناب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کے متعلق کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
ایک نقل درج گزٹ ہو